آفتابِ طب



گورنمنٹ طبیہ کالج بہاول پور

معمولات مطب گورنمنٹ طبیہ کالج بہاول پور کا

طبی فارماکوپیا

عنوان بالا کے تحت ہم ایسے تمام نسخہ جات پیش کر رہے ہیں جن سے شفاخانہ کالج ہذا سے ہر ماہ کئی ہزار مریض روبصحت ہو رہے ہیں۔ ان نسخہ جات کو بارہا تجربات کی کسوٹی پر مفید و موثر پایا گیا ہے۔ اس کوشش سے نہیں یہ عام نظریہ بھی غلط ثابت کرنے میں کامیابی ہوئی کہ اطباء نسخہ جات بتانے میں بخل سے کام لیتے ہیں۔

گورنمنٹ طبیہ کالج کے شعبۂ دواسازی میں

یہ نسخہ جات بڑی صفائی اور مہارت سے تیار ہونے کے بعد شفا خانہ کالج ہذا میں مریضوں کو استعمال کرائے جاتے ہیں۔ جن کے شفا بخش اثرات اور موثر نتائج کا ایک زمانہ معترف ہے۔

یہ نسخہ جات افادۂ عام کی غرض سے شائع کئے جا رہے ہیں

اطریفل زمانی

اجزائے ترکیبی

ترنجبد سفید ۵۰ گرام۔ برگ سنا مکی ۲۵۰ گرام۔ کشنیز ۲۵۰ گرام۔ ہلیلہ زرد ۲۵۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۱۱۰ گرام۔ ہلیلہ کابلی ۲۵۰ گرام۔ سعتر دنیا ۱۲ بتی۔ گل بنفشہ ۱۱۰ گرام۔ بلیلہ ۱۱۰ گرام۔ آملہ ۶۰ گرام۔ طباشیر ۶۰ گرام۔ گل سرخ ۱۱۰ گرام، گل نیلوفر ۲۵۰ گرام، تخم کاسنی ۳۵ گرام۔ صندل سفید ۳۵ گرام، روغن بادام شیریں ۳۵۰ ملی لیٹر، عناب ایرانی ۵۰۰ گرام، سپستاں ۴۰۰ گرام۔ قند سفید ۴۲۰۰ گرام۔ شہد ۳۱۰۰ گرام

مقدار خوراک ۵ گرام سے ۹ گرام تک۔ رات کو سوتے وقت

فوائد مالیخولیا مراق، دردسر، قولنج اور تبخیر میں مفید ہے استعمال میں مداومت کی جائے تو نزلہ کے ازالہ کے لئے نافع ہے یہ اکثر مزاجوں میں موافق آتا ہے اس کی قوت ۲ سال تک قائم رہتی ہے۔

اطریفل اسطخدوس

اجزائے ترکیبی

ہلیلہ زرد ۳۰۰ گرام، بلیلہ ۳۰۰ گرام، ترنجبد سفید ۳۰۰ گرام، ہلیلہ سیاہ ۱۵۰ گرام، برگ سنا ۱۵۰ گرام، بسفایج ۱۵۰ گرام، آملہ خشک ۱۵۰ گرام، اسطخدوس ۱۵۰ گرام، مصطگی رومی ۱۵۰ گرام، افتیمون ولایتی ۱۵۰ گرام، کشنیز ۱۵۰ گرام، مویز منقیٰ ۱۵۰ گرام، روغن بادام شیریں ۷۰۰ گرام، قند سفید ۵۲۰۰ گرام

مقدار خوراک ۵ گرام سے لیکر ۷ گرام تک عرق بادیان کے ہمراہ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت

فوائد دماغی امراض میں بہت ہی مفید ہے خصوصاً بلغمی اور سوداوی امراض میں دماغ کا بہترین تنقیہ کرتا ہے اس کی مداومت بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔

ھوالشافی — اطریفل کشنیزی

ہلیلہ زرد ۵۰۰ گرام۔ ہلیلہ کابلی ۵۰۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۲۵۰ گرام۔ بلیلہ ۲۵۰ گرام۔ کشنیز خشک ۵۰۰ گرام۔ قند سفید ۲ کلو گرام۔ روغن بادام شیریں ۵۰۰ ملی لیٹر۔ شہد ۲ کلو گرام۔

مقدار خوراک ۵ گرام سے ۹ گرام تک عرق گاؤزبان یا عرق بادیان کے ہمراہ

فوائد ورد سر کا اکثر قسم، کان اور آنکھ کے اکثر امراض میں مفید ہے دماغ کا تنقیہ کر کے باعث تقویت بنتا ہے۔ تبخیر معدہ، نزلہ کو دور کرتا ہے اور قبض کشا ہے بواسیر میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی — معجون سورنجان

تخم کرفس ۳۵ گرام۔ بادیان ۳۵ گرام۔ سمندر جھاگ ۳۵ گرام فلفل سفید ۳۵ گرام نمک طعام ۳۵ گرام۔ برگ حنا ۳۵ گرام۔ بوزیدان ۵۰ گرام۔ شیطرج ہندی ۵۰ گرام۔ بیخ کبر ۵۰ گرام۔ گل سرخ ۸۲ گرام۔ کشنیز خشک ۸۲ گرام زنجبیل ۸۲ گرام سقونیا ۲ رتی۔ سورنجان شیریں ۳۰۵ گرام۔ ہلیلہ زرد ۷۰۰ گرام۔ تربد سفید ۷۰۰ گرام، روغن بادام شیریں ۳۰۴ ملی لیٹر۔ شہد ۵ کلو ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک ۷ گرام ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسب

فوائد گھٹیا۔ نقرس اور عرق النسا کے دردوں نیز بلغمی امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی — جوارش جالینوس

بالچھڑ ۱۱۰ گرام۔ قاقلہ صغار ۱۱۰ گرام۔ بچ قلمی ۱۱۰ گرام۔ اسارون ۱۱۰ گرام زنجبیل ۱۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۱۰ گرام۔ فلفل دراز ۱۱۰ گرام۔ عود بلساں ۱۱۰ گرام۔

خولنجاں ۱۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۱۰ گرام۔ قرنفل ۱۱۰ گرام۔ چرائتہ شیریں ۱۱۰ گرام۔ حب الاس ۱۱۰ گرام۔ زعفران اسپین ۱۱۰ گرام۔ مصطگی رومی ۲۴۰ گرام۔ قسط شیریں ۱۱۰ گرام۔ قند سفید ۴ کلو گرام۔ شہد خالص ۲ کلو ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک ۷ گرام سے ۱۰ گرام تک صبح یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت عرق گاؤزبان یا عرق بادیان کے ہمراہ۔

فوائد معدہ کی شکایت کی خاص دوا ہے اس کی مداومت سے تمام اعضا میں چستی پیدا ہوتی ہے بدہضمی ریاح کو دور کرتی ہے اور منہ کی بدبو کو زائل کرتی ہے دردِ سر جو تبخیر معدہ کے باعث ہو مفید ہے پیشاب کی زیادتی، بلغمی کھانسی اور بواسیر میں مفید ہے مقوی باہ و مشتہی ہے دردِ کمر اور ضعفِ شانہ میں معمول ہے اس کی مداومت سے قبل از وقت بال سفید ہونے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی — جوارش کمونی

زیرہ سیاہ ۱۸۶۰ گرام، فلفل سیاہ ۵۰۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰۰ گرام۔ برگ سداب ۴۰۰ گرام۔ پودینہ خشک ۲۳۰ گرام، سرکہ انگوری ۴ لیٹر۔ قند سفید ۹ کلو ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک صبح کے وقت ۷ گرام سے ۱۲ گرام تک عرق بلیان یا عرق مکو کے ہمراہ

فوائد برودت معدہ، کھٹی ڈکاریں اور بدہضمی میں نافع ہے معدہ کی خرابی کے باعث ہونیوالے بخار میں فاسد رطوبات کو خشک کر کے معدہ کا تنقیہ کرتی ہے علیٰ ہذا ہچکی اور قبض میں معمول مطلب ہے۔

ھوالشافی — جوارش شاہی

قاقلہ صغار ۱۱۰ گرام۔ کشنیز خشک ۱۰۰ گرام۔ مربہ ہلیلہ ایک کلو گرام۔ مربہ آملہ

ایک کلو گرام ۔ مربہ سیب ایک کلو گرام ۔ مربہ بہی ایک کلو گرام ۔ قند سفید ۴ کلو گرام
ست لیموں ۵ گرام ۔ روح کیوڑہ ۴۶۰ ملی لٹر

مقدار خوراک ۵ گرام دوا عرق گاؤزبان یا عرق گذر ۷ ملی لٹر کے ہمراہ (صبح وشام)

فوائد مقوی قلب ہے خفقان اور گھبراہٹ دور کرتی ہے وسواس سوداوی کے لئے مفید اور تنویر رد کنندہ ہے ۔

ھوالشافی — حب اوجاع

موصلی سفید ۳۵۰ گرام، موصلی سیاہ ۳۵۰ گرام ۔ اجوائن دیسی ۳۵۰ گرام پہلا مول ۳۵۰ گرام ۔ بوزیدان ۷۰۰ گرام ۔ میدہ لکڑی ۷۰۰ گرام ۔ زنجبیل ۷۰۰ گرام ۔ آسکند ناگوری ۷۰۰ گرام ۔ سورنجاں شیریں ۷۰۰ گرام ۔ دارچینی ۷۰۰ گرام ۔ عاقرقرحا ۷۰۰ گرام، شاہ زیرہ ۷۰۰ گرام، قند سیاہ ۳ کلو گرام

مقدار خوراک دو دو گولی صبح دوپہر شام پانی کے ہمراہ

فوائد جوڑوں کے درد نیز اعصاب اور پٹھوں کے درد میں مفید ہے

ھوالشافی — حب کبد نوشادری

نوشادر ۵۰ گرام ۔ نمک طعام ۱۰۰ گرام ۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام ۔ سہاگہ بریاں ۵۰ گرام ۔ نرکچور ۵۰ گرام ۔ ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام ۔ زنجبیل ۵۰ گرام ۔ عرق گلاب ۲۰۰ ملی لٹر ۔ باؤ برنگ ۵۰ گرام

مقدار خوراک ۲ سے ۴ گولی بعد از طعام دن میں دو وقت ہمراہ آب تازہ

فوائد غذا ہضم کرتی ہے اور ورم جگر میں مفید اور کثیر الاستعمال ہے

ھوالشافی — حب ملین

مصبر ۵۰ گرام ۔ ریوند عصارہ ۵۰ گرام، مصطگی رومی ۵۰ گرام، سہاگہ بریاں ۱۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک حسب ضرورت رات کو سوتے وقت ۲ گولی اور اسہال کے لئے ۳ یا ۴ گولی کھلائیں

فوائد ایک ہلکا مین ہے اور قبض کو بآسانی رفع کر دیتی ہے ۔

ھوالشافی — حب ریوند عصارہ

مصبر (ایلوا) ۲۲۰ گرام ۔ ریوند عصارہ ۲۷۰ گرام ۔ سہاگہ بریاں ۳۴۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۲۷۰ گرام ۔

مقدار خوراک ۔ بچوں کو ایک سے دو گولی اور بڑوں کے لئے ۳ سے ۴ گولی

فوائد دست آور ہے آسانی سے مادے کو خارج کرتی ہے ۔

ھوالشافی — حب اسطخدوس

اسطخدوس ۶۰ گرام ۔ برگ بادرنجبویہ ۶۰ گرام ۔ عود صلیب ۶۰ گرام ۔ جدوار ۶۰ گرام شہد ۲۰ گرام

مقدار خوراک ایک ایک گولی صبح اور رات پانی کے ہمراہ

فوائد بلغمی امراض دائمی نزلہ، کھانسی اور قبض کے لئے بیحد مفید ہے ۔

ھوالشافی — حب مسکن

جائیفل ۶۰ گرام ۔ جلوتری ۶۰ گرام ۔ افیون ۶۰ گرام ۔ مازو سبز ۶۰ گرام ۔ اسپند (حرمل) ۶۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۶۰ گرام ۔ زعفران ۶۰ گرام ۔ موچرس ۶۰ گرام ۔ بچ قلمی ۶۰ گرام ۔ گلی سپاری ۶۰ گرام ۔ چھالیہ ۶۰ گرام قاقلہ صغار ۶۰ گرام ۔ طباشیر ۶۰ گرام اجوائن خراسانی ۶۰ گرام ۔ جفت بلوط ۶۰ گرام ۔ دیگ ماہی ۶۰ گرام ناگ کیسر ۶۰ گرام

مقدار خوراک ۲ گولی رات کو سوتے وقت فوائد ۔ دائع جریان احتلام و سرعت انزال ہیں سکون پہنچاتی ہیں ۔

حبِ منعش — ھوالشافی

اوراقی مدبر ۱۲۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۶۰ گرام ۔ فلفل دراز ۶۰ گرام عنبر اشہب ۱۱ گرام
زعفران ۲۵ گرام جائیفل ۶۰ گرام ۔ جلوتری ۶۰ گرام ۔ زنجبیل ۶۰ گرام ۔ برگ پان ۳۵۰ گرام
مقدار خوراک اسماک ۲ گرمی جماع سے قبل ایک گھنٹہ دودھ کے ہمراہ ۔ مستقل فائدے
کے لئے ایک گولی روزانہ دودھ کے ہمراہ
فوائد قوتِ باہ زیادہ کرتی ہے شہوت برانگیختہ کرتی اور اعصاب کو قوت دیتی
ہے فالج و لقوہ اور دیگر اعصابی امراض میں نافع ہے ۔

حبِ سعال — ہوالشافی

بادیان ایک کلو گرام ۔ کوکنار ایک کلو گرام ۔ خلفل دراز ایک کلو گرام ۔ ملٹھی ایک کلو گرام
بہیدانہ ایک کلو گرام ۔ صمغ عربی ایک کلو گرام ۔ قند سیاہ ۲ کلو گرام
مقدار خوراک ۲، ۲ گولی صبح دوپہر اور رات چوسیں ۔
فوائد کھانسی کے لئے مفید ہیں ۔ بالخصوص خام بلغم کو پکاتی ہیں ۔ گلے کی خشونت
دور کرتی ہیں

حبِ درد ریحی — ھوالشافی

پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام ۔ سونجان شیریں ۵۰ گرام ۔ مصبر (ایلوا) ۵۰ گرام ۔
عرق سونف میں گولیاں بنائیں
مقدار خوراک ۶ گرام ۔ صبح دوپہر، رات پانی کے ہمراہ
فوائد درد ریحی اور عرق النساء کے لئے زمانہ قدیم سے مستعمل ہیں ۔

حبِ شاہترہ — ھوالشافی

شاہترہ ۵۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام ۔ سمندر سوکھ ۵۰ گرام ۔ مصبر ۵۰ گرام
ہلیلہ زرد ۵۰ گرام ۔ بلیلہ سیاہ ۵۰ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام ۔ چرائتہ تلخ ۵۰
گرام ۔ اسونت ۵۰ گرام ۔
مقدار خوراک دو حبوب صبح دوپہر رات پانی کے ہمراہ
فوائد مصفی خون ہیں ۔

حبِ فوفل — ھوالشافی

چھالیہ ۲ کلو گرام ۔ صمغ عربی ۲۰۰ گرام ۔ رسونت ایک کلو گرام ۔ گیرو اصلی ۵۰۰ گرام
مقدار خوراک ۲ گولی صبح ، ۲ گولی شام دودھ کے ہمراہ
فوائد سیلان الرحم کے لئے مفید ہے

حبِ گل پستہ — ھوالشافی

گل پستہ ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔ ہلیلہ زرد ایک کلو گرام صمغ عربی ۲۰۰ گرام
مقدار خوراک ۲، ۲ گولی صبح دوپہر رات چوسیں
فوائد :- کھانسی کے لئے مفید ہیں ۔ نیز مخرج بلغم ہیں ۔

حبِ بنفشہ — ھوالشافی

گل بنفشہ ۳۰۰ گرام ۔ تخم بدسفید ۵۰ گرام ۔ ست ملٹھی ۶۰ گرام ۔ سقمونیا ۵۰ گرام
مقدار خوراک :- ۲ گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم پانی ۔

فوائد :- دماغ اور سینے کے فضلات کا تنقیہ کرتی ہے دردِ سری گرمی کی وجہ سے ہو جلد فائدہ دیتی ہے دمہ اور سانس پھولنے کے لئے مفید ہے اور سینہ کی غلیظ بلغم خارج کرتی ہے۔

جواشاندہ — خمیرہ مرکب خاص

گاؤزبان ۱۳۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۴۵ گرام۔ ابریشم ۴۵ گرام۔ صندل سفید بہمن سفید ۴۵ گرام۔ بہمن سرخ ۴۵ گرام۔ تودری سرخ ۴۵ گرام۔ کشنیز خشک ۴۵ گرام۔ تخم فرنجشک ۴۵ گرام۔ باورنجبویہ ۴۵ گرام۔ قند سفید ۴ کلو ۶۰۰ گرام ورق نقرہ ۴۵ گرام۔ روح کیوڑہ ۶۰ ملی لیٹر

مقدارِ خوراک :- ۴ گرام

فوائد :- مفرح قلب ہے

جواشاندہ — خمیرہ مروارید

باورنجبویہ ۷۰ گرام۔ بہمن سفید ۲۵ گرام۔ بہمن سرخ ۲۵ گرام۔ تودری سرخ ۲۵ گرام۔ گل گاؤزبان ۲۳۵ گرام۔ تخم خرفہ ۲۳۵ گرام۔ زہرمہرہ ۵۰ گرام۔ مروارید ۲۵ گرام۔ مشک خالص ۲۵ گرام۔ عنبر اشہب ۲۵ گرام۔ عرق گلاب ۱۸۰۰ ملی لیٹر۔ عرق بید مشک ۱۸۰۰ ملی لیٹر۔ روح کیوڑہ ۷۰۰ ملی لیٹر۔ شہد خالص ایک کلو گرام۔ قند سفید ۳ کلو گرام ورق نقرہ ۱۰ گرام

مقدارِ خوراک :- ۳ تا ۵ گرام صبح کے وقت ہمراہ عرق گاؤزبان یا سادہ پانی

فوائد — دل و دماغ کو قوت دیتا ہے وحشت اور خفقان کو دور کرتا ہے عورتوں کے مرض سیلان اور ان کی کمزوریوں کو مفید ہے

جواشاندہ — خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

عود مرقی ۵ گرام۔ بالچھڑ ۵ گرام۔ پوست ترنج ۵ گرام۔ مصطگی رومی ۵ گرام۔ قرنفل ۵ گرام۔ قاقلہ صغار ۵ گرام۔ سادج ہندی ۵ گرام۔ صندل سفید ۵ گرام۔ عنبر اشہب ۵ گرام۔ ورق نقرہ ۵ گرام۔ مروارید ۵ گرام۔ ورق طلاء ۵ گرام یاقوت ۱۰ گرام۔ یشب ۱۰ گرام۔ کہربا سمنی ۱۰ گرام۔ زعفران ۵ گرام۔ ابریشم ۵۰۰ گرام۔ عرق گلاب ۱۶۰ ملی لیٹر، عرق بید مشک ۱۶۰ ملی لیٹر۔ عرق گاؤزبان ۶۰ ملی لیٹر شہد ۲۵۰ گرام۔ قند سفید ۷۵۰ گرام۔

مقدارِ خوراک ۳ گرام سے ۶ گرام تک گاؤزبان یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد — حرکات قلب کو منظم کرتا ہے۔

اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا اور امراض کے بعد کی نقاہت کو زائل کرتا ہے

جواشاندہ — خمیرہ گاؤزبان عنبری

گاؤزبان ۱۳۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۴۵ گرام۔ ابریشم ۴۵ گرام۔ صندل سفید ۴۵ گرام۔ بہمن سفید ۴۵ گرام۔ بہمن سرخ ۴۵ گرام۔ تودری سرخ ۴۵ گرام۔ کشنیز ۴۵ گرام۔ تخم فرنجشک ۴۵ گرام۔ باورنجبویہ ۴۵ گرام۔ تخم بالنگو ۴۵ گرام اسطخدوس ۴۵ گرام۔ عنبر اشہب ۱۰ گرام۔ قند سفید ۴ کلو گرام۔ شہد ایک کلو گرام۔ ورق نقرہ ۲۰ گرام۔ روح کیوڑہ ایک شیشی۔

مقدارِ خوراک :- ۵ گرام عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ صبح نہار منہ

فوائد :- دل و دماغ کو قوت دیتا ہے قوتِ حافظہ بڑھاتا ہے طلبا اور دماغی محنت کرنیوالے کے لئے مفید ہے

ہوالشافی — معجون معدہ

قرنفل ۵۰ گرام ۔ پودینہ خشک ۵۰ گرام ۔ تاقلہ صغار ۵۰ گرام ۔ قاقلہ کبار ۵۰ گرام ۔ بالچھڑ ۷۰ گرام ۔ سعد کوفی ۷۰ گرام ۔ فلفل درز ۹۵ گرام ۔ صعتر فارسی ۹۵ گرام ۔ بچور ۹۵ گرام ۔ بادیان ۱۰۵ گرام ۔ سنگدانہ مرغ ۱۰۵ گرام ۔ آملہ بریاں ۱۰۵ گرام ۔ ستاذج ہندی ۱۰۵ گرام ۔ فلفل سیاہ ۱۰۵ گرام ۔ زیرہ سیاہ ۱۰۵ گرام ۔ زیرہ سفید ۱۰۵ گرام ۔ دارچینی ۱۰۵ گرام ۔ زعفران ۳۵ گرام ۔ ست پودینہ ۵۰ گرام ۔ ست اجوائن ۵۰ گرام ۔ چینی (قند سفید) ایک کلو گرام ۔ شہد خالص ۲ کلو گرام

مقدار خوراک ۶ گرام

فوائد مقوی معدہ اور مشتہی ہے نظام ہضم درست کرتی ہے۔ اور امراض معدہ کی شافی دوا ہے۔

ہوالشافی — معجون بخاح

ہلیلہ سیاہ ۱۶۰ گرام ۔ آملہ خشک ۱۶۰ گرام ۔ بلیلہ ۳۵۰ گرام ۔ بسفایج ۷۰ گرام ۔ افتیمون ولایتی ۷۰ گرام ۔ اسپغول ۷۰ گرام ۔ تربد سفید ۳۵ گرام ۔ شہد ۲ کلو ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک ۷ گرام سے ۱۲ گرام تک ہمراہ پانی صبح

فوائد سوداوی امراض کے لیے بہت مفید ہے

ہوالشافی — معجون مغلظ

مصطگی رومی ۱۰ گرام ۔ کتیرہ سفید ۲۰ گرام ۔ طباشیر ۲۰ گرام ۔ قاقلہ صغار ۲۰ گرام ۔ دارچینی ۲۰ گرام ۔ صمغ عربی ۲۰ گرام ۔ نشاستہ ۲۰ گرام ۔ ثعلب مصری پنجہ دار ۲۰ گرام ۔ مغز چلغوزہ ۵۰ گرام ۔ گری ۶۰ گرام ۔ بادام شیریں ۵۰۰ گرام ۔ قند سفید ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔ روح کیوڑہ ۲۵ ملی لیٹر

مقدار خوراک :۔ صبح نہار منہ ۱۲ گرام ۔ ہمراہ دودھ ۔

فوائد :۔ مغلظ منی ، مقوی باہ اور دافع سرعت انزال ہے

ہوالشافی — معجون دبید الورد

بالچھڑ ۶۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۶۰ گرام ۔ طباشیر ۶۰ گرام ۔ دارچینی ۶۰ گرام ۔ اذخر ۶۰ گرام ۔ زعفران ۶۰ گرام ۔ اسارون ۶۰ گرام ۔ قسط شیریں ۶۰ گرام ۔ تخم کنوث ۶۰ گرام ۔ مجیٹھ ۶۰ گرام ۔ لک مغسول ۶۰ گرام ۔ تخم کرفس ۶۰ گرام ۔ زراوند گول ۶۰ گرام ۔ حب بلسان ۶۰ گرام ۔ قرنفل ۶۰ گرام ۔ قاقلہ صغار ۶۰ گرام ۔ گل غافث ۶۰ گرام ۔ گل سرخ ۱۳۵۰ گرام ۔ تخم کاسنی ۶۰ گرام ۔ شہد خالص ۹ کلو گرام

مقدار خوراک :۔ صبح کو ۵ گرام ۔ ہمراہ عرق بادیان ۔ عرق برنجاسف اور عرق مکو ایک کپ

فوائد :۔ استسقاء ورم جگر اور ورم رحم کے لئے بالخصوص مفید ہے ۔

ہوالشافی — معجون عشبہ

عشبہ مغربی ۱۰۰ گرام ۔ بسفایج ۱۰۰ گرام ۔ گاؤزبان ۱۰۰ گرام ۔ کباب چینی ۱۰۰ گرام ۔ دارچینی ۱۰۰ گرام ۔ افتیمون ولایتی ۱۰۰ گرام ۔ گل سرخ ۵۰ گرام ۔ چوب چینی ۵۰ گرام ۔ صندل سفید ۵۰ گرام ۔ صندل سرخ ۱۵۰ گرام ۔ برگ سنامکی ۳۰۰ گرام ۔ بالچھڑ ۵۰ گرام ۔ بلیلہ ۱۰۰ گرام ۔ ہلیلہ زرد ۵۰۰ گرام ۔ ہلیلہ سیاہ ۳۰۰ گرام ۔ قند سفید ۶ کلو ۲۵۰ گرام ۔

مقدار خوراک :۔ ۱۲ گرام بوقت صبح عرق عشبہ یا عرق مصفی خون ۱۲۵ ملی لیٹر کے ہمراہ

فوائد :۔ امراض جلد کے لئے قرابا دینی مرکبات میں اولیت رکھتی ہے ۔ اس کے علاوہ جوڑوں کے درد ، آتشک ، بواسیر اور فساد خون میں مفید ہے ۔

ھوالشافی معجون سنگدانہ مرغ

پوست سنگدانہ مرغ ۳۵ گرام ۔ طباشیر ۳۵ گرام ۔ پودینہ خشک ۵ گرام ۔ پوست ترنج ۱۵ گرام ۔ ہلیلہ زرد ۳۵ گرام ۔ گل سرخ ۵۰ گرام ۔ بہمن سرخ ۲۵ گرام ۔ بہمن سفید ۲۵ گرام ۔ صندل سفید ۲۵ گرام ۔ صندل سرخ ۲۵ گرام ۔ صعتر فارسی ۲۵ گرام ۔ کشنیز خشک ۲۵ گرام ۔ حب الاس ۲۵ گرام ۔ شہد ایک کلو گرام ۔

مقدار خوراک :۔ صبح کے وقت ۷ گرام ہمراہ آب

فوائد :۔ مقوی معدہ اور اسہال کو فائدہ دیتی ہے جو ضعف معدہ کے باعث ہو ۔ سنگرہنی میں مفید ہے ۔

ھوالشافی :۔ معجون اکسیر البدن

کچلہ ۸ بر ۱۲۰ گرام ۔ فلفل سفید ۶۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۶۰ گرام ۔ دارچینی ۶۰ گرام فلفل دراز ۶۰ گرام ۔ جائفل ۶۰ گرام ۔ جلوتری ۶۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۶۰ گرام ۔ سعد کوفی ۶۰ گرام ۔ زنجبیل ۶۰ گرام ۔ قرنفل ۶۰ گرام ۔ بالچھڑ ۶۰ گرام ۔ قاقلہ صغار ۶۰ گرام ۔ بادیان ۶۰ گرام ۔ اجوائن دیسی ۶۰ گرام ۔ زعفران ۶۰ گرام ۔ صندل سفید ۶۰ گرام ۔ عود بلسان ۶۰ گرام ۔ عود ہندی ۶۰ گرام ۔ آملہ خشک ۶۰ گرام ۔ شہد خالص ۴ کلو گرام ۔

مقدار خوراک :۔ ۶ گرام

فوائد :۔ ضعف بدن عام جسمانی کمزوری کی بہترین دوا ہے ۔ مقوی اعصاب ہے لقوہ اور فالج کے لئے بھی مفید ہے ۔

ھوالشافی معجون فلاسفہ

گل بابونہ ۲۰۰ گرام ۔ زنجبیل ۱۰۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام ۔ فلفل دراز ۱۰۰ گرام

آملہ خشک ۱۰۰ گرام ۔ ہلیلہ ۱۰۰ گرام ۔ شیطرج ہندی ۱۰۰ گرام ۔ ذراوند ۔ گول ۱۰۰ گرام ثعلب مصری ۱۰۰ گرام ۔ مغز چلغوزہ ۱۰۰ گرام ۔ گیدی ۱۰۰ گرام ۔ مویز منقیٰ ۲۵۰ گرام ۔ شہد خالص ۲ کلو ۵۰۰ گرام ۔ قند سفید ۴ کلو گرام ۔

مقدار خوراک :۔ صبح کو بقدر ۷ گرام ۔ ہمراہ عرق بادیان

فوائد :۔ مقوی باہ ۔ مولد منی ۔ مصلح مفہم ۔ ادرمشتہی ہے ۔ نسیان ۔ ادرباد بیتاب آنے کو مفید ہے ۔ درد کمر ۔ درد گردہ ۔ جوڑوں کے درد اور منہ کی بدبو زائل کرنے میں مفید ہے ۔

ھوالشافی معجون زبیب

ہلیلہ کابلی ۶۰ گرام ۔ ہلیلہ زرد ۶۰ گرام ۔ بلیلہ ۶۰ گرام ۔ آملہ خشک ۶۰ گرام ۔ اسطوخودس ۶۰ گرام ۔ عود صلیب ۳۰ گرام ۔ عاقرقرحا ۲۰ گرام ۔ مویز منقیٰ ایک کلو گرام ۔

مقدار خوراک :۔ صبح کو بقدر ۷ گرام ۔ ہمراہ آب یا بدرقہ مناسب

فوائد :۔ مرض صرع مرگی کے لئے نہایت مفید ہے ۔

ھوالشافی معجون ناخواہ

صعتر فارسی ۴۰ گرام ۔ ناخواہ ۴۰ گرام ۔ زوفا خشک ۴۰ گرام ۔ پودینہ خشک ۴۰ گرام کلونجی ۴۰ گرام ۔ زیرہ سفید ۴۰ گرام ۔ جلوتری ۳۰ گرام ۔ بادیان ۳۰ گرام ۔ زنجبیل ۳۰ گرام ۔ جائفل ۳۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۳۰ گرام ۔ شہد ۵۰۰ گرام ۔ قند سفید ایک کلو گرام

مقدار خوراک :۔ ۵ گرام بعد از غذا ہمراہ عرق بادیان

فوائد :۔ معدہ کو فضلات سے صاف کرتی ہے بھوک لگاتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے ۔

ھوالشافی مرہم کبریت

گندھک آملہ سار ۵۰۰ گرام ۔ موم سفید ایک کلو گرام ۔ روغن سرسوں ۴ کلو گرام ۔

طریقۂ استعمال :۔ بیرونی استعمال کے لئے ہے اور جراحت کے لئے مستعمل ہے۔
فوائد :۔ زخموں کے لئے قدیم اطبا کی معمول اور مانی ہوئی دوا ہے۔

ہوالشافی | سفوف حمی

کہنجوہ ۳ کلوگرام ۔ افسنتین ۳۶۰ گرام ۔ نوشاد ۳۶۰ گرام ۔ شورہ قلمی ۳۶۰ گرام
گیرو ۱۹۰ گرام ۔ ست گلو ۴۷۰ گرام۔
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ بخاروں کے لئے عرصہ سے مستعمل ہے ۔

ہوالشافی | سفوف بادیاں

بادیان ۳ کلوگرام ۔ قاقلہ کبار ۳۰۰ گرام ۔ دارچینی ۲۰۰ گرام ۔ برگ سداب ایک کلو
پودینہ خشک ۲۰۰ گرام ۔ زنجبیل ۲۰۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۵۰۰ گرام ۔ قند سفید ۹ کلوگرام ۔
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام سے ۱۰ گرام
فوائد :۔ امراضِ معدہ کا دافع ہے ۔

ہوالشافی | سفوف رفعت

کباب چینی ایک کلوگرام ۔ قند سفید ۵ کلوگرام ۔
مقدار خوراک ۶ گرام
فوائد :۔ کھانسی نزلہ، بخار، فسادِ خون مثلاً فارکشن پنبل، داد اور الرجی کے لئے مفید ہے ۔

ہوالشافی | سفوف اتیس شیریں

اتیس شیریں ایک کلوگرام ۔ کچور کچری ایک کلوگرام ۔ طباشیر ۱۰۰ گرام ۔ دارچینی
۵۰ گرام ۔ قند سفید ۵ کلوگرام ۔
مقدار خوراک :۔ ۳ گرام سے ۶ گرام
فوائد :۔ بخاروں اور انکی وجہ سے لاحق ہونیوالی کمزوریوں کے لئے مفید ہے ۔

ہوالشافی | سفوف مقوی الرحم

گل دھاوا ایک کلوگرام ۔ موچرس ایک کلوگرام ۔ طباشیر ایک کلوگرام ۔ قاقلہ صغار
ایک کلوگرام ۔ لودھ پٹھانی ایک کلوگرام ۔ سمندر سوکھ ایک کلوگرام ۔ زنجبیل ایک کلوگرام فلفل
دراز ایک کلوگرام ۔ تالمکھانہ ایک کلوگرام ۔ اندر جو شیریں ایک کلوگرام ۔ تخ قلمی ایک کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ سیلان الرحم کی شکایات کا مکمل علاج ہے ۔

ہوالشافی | سفوف مغلظ

ثعلب مصری پنجہ دار ایک کلوگرام ۔ سنگھاڑے ایک کلوگرام ۔ سبوس اسبغول ایک کلو
گرام ۔ تخم کوہ بخ ایک کلوگرام ۔ تخ قلمی ایک کلوگرام ۔ شقاقل مصری ایک کلوگرام ۔
قند سفید تین کلوگرام ۔
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام سے ۱۰ گرام
فوائد :۔ مغلظ منی ہے اور جریان کے لئے مفید ہے ۔

ہوالشافی | سفوف مدر حیض

شورہ قلمی ایک کلوگرام ۔ ریوند خطائی ایک کلوگرام ۔ جوالکھار ایک کلوگرام ۔ تخم گاجر
ایک کلوگرام ۔ نوشادر ایک کلوگرام ۔ کاسنی ایک کلوگرام ۔ اہبل ایک کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ حیض جاری کرنے کے لئے قوی اثرات کا حامل ہے ۔

ہوالشافی | سفوف کرفس

کرفس ۲ کلوگرام ۔ قند سفید ۶ کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ معدہ کی تیزابیت، معدہ کی جلن اور بدہضمی کے لئے مفید ہے

ہوالشافی — سفوف بابچی

بابچی ۲۰ گرام قند سفید ۱۰۰ گرام

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- حساسیت یعنی الرجی کی قسموں دوا ہے نیز نزلہ اور کھانسی میں بھی مفید ہے ۔

ہوالشافی — سفوف جوا کھار

جوا کھار ۱۲۰ گرام ۔ شورہ قلمی ۵۰۰ گرام ۔ قاقلہ کبار ۵۰۰ گرام ۔ سنگ یہود ۲۴۰ گرام ۔ سنگ سرماہی ۱۲۰ گرام ۔ شاذنج ایک کلو ۲۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- مفتت حصاۃ ہے گردہ مثانہ کی پتھریوں کو توڑ کر خارج کر دیتا ہے

ہوالشافی — سفوف مفتت

سنگ یہود ۴۰۰ گرام ۔ سنگ سرماہی ۴۰۰ گرام ۔ شورہ قلمی ۴۰۰ گرام ۔ جوا کھار ۴۰۰ گرام حب القلت ۴۰۰ گرام ۔ تخم کوفس ۴۰۰ گرام ۔ زیرہ سفید ۴۰۰ گرام ۔ دودقہ ۴۰۰ گرام ۔ نمک سیاہ ۴۰۰ گرام ۔ کاکنج ۴۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- مفتت حصاۃ ہے مدرّ بول اثرات کے حامل ہونے کی وجہ سے گردہ و مثانہ کی پتھری کو خارج کر دیتا ہے ۔

ہوالشافی — سفوف تنجیر معدہ

نوشادر ٹھیکری ۳۰ گرام ۔ ہادیاں ۶۰ گرام ۔ اجوائن دیسی ۳۰ گرام ۔ نمک سیاہ ۳۰ گرام ۔ نمک سانبھر ۳۰ گرام ۔ نمک شیشہ ۳۰ گرام ۔ ست لیموں ۳۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۳۰ گرام ۔ زنجبیل ۳۰ گرام ۔ جوکھار ۳۰ گرام ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶۰ گرام ۔ پوست بلیلہ ۶۰ گرام ۔ آملہ خشک ۶۰ گرام ۔ پھٹا سوڈا (خوردنی) ۲۵۰ گرام ست پودینہ ۳۰ گرام ۔ ست

اجوائن ۳۰ گرام ۔

مقدار خوراک :- ۳ سے ۵ گرام نمک ہمراہ غذا ہمراہ آب

فوائد :- ہضم کو تقویت دیتا ہے اور تبخیری کیفیت کو زائل کرتا ہے ۔

ہوالشافی — اورنگزیب چورن

ہرمچی ۱۲ گرام ۔ نوشادر ٹھیکری ۱۲ گرام ۔ سہاگہ بریاں ۱۲ گرام ۔ شورہ قلمی ۱۲ گرام ۔ قاقلہ کبار ۱۲ گرام ۔ فلفل دراز ۱۲ گرام ۔ فلفل سیاہ ۱۲ گرام ۔ نمک لاہوری ۲۵ گرام

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- پیٹ درد ۔ بدہضمی ۔ متلی قے ۔ کھٹے ڈکاروں کے لئے قوی الاثر چورن ہے ۔

ہوالشافی — سفوف کاکڑ سنگھی

کاکڑ سنگھی ۳ کلو گرام ۔ شکر تیغال ۳ کلو گرام ۔ فلفل سفید ۲۰۰ گرام ۔ قند سفید ۳ کلو گرام ۔

مقدار خوراک :- ۲۵ گرام سفوف ۱۲ گرام شہد میں ملا کر دن میں چند بار چاٹیں ۔

فوائد :- کھانسی کی اکثر اقسام میں مفید ۔ خصوصاً بلغم کے اخراج کیلئے مستعمل ہے

ہوالشافی — سفوف شیریں

پودینہ خشک ۱۰۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام ۔ انار دانہ ۱۰۰ گرام ۔ مغز کنول گٹہ ۵۰ گرام ۔ ست لیموں ۴۰ گرام ۔ زیرہ سفید ۵۰ گرام ۔ زنجبیل ۲۰ گرام ۔ ست پودینہ ۵ گرام ۔ نمک طعام ۳۰۰ گرام ۔ قند سفید ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک :- غذا کے بعد ۵ گرام پانی کے ہمراہ ۔

فوائد :- دستوں کو روکتا ہے جو ضعف معدہ کے عارضہ سے ہوں ۔ بلغمی بخار میں مفید ہے ۔

ہوالشافی — سفوف مفاصل

تربد سفید ۵۰ گرام ۔ زیرہ سفید ۵۰ گرام ۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام ۔ انیسوں ۵۰ گرام ۔

اجوائن دیسی ۵۰ گرام

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- سوداوی امراضِ مفاصل کے لئے مستعمل ہے۔

ہوالشافی | سفوف اکسیر جگر

نوشادر بھیگری ۷۰ گرام۔ شورہ قلمی ۷۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۷۰ گرام، گل غافث ۷۰ گرام، تخم کاسنی ۷۰ گرام۔ افسنتین ۷۰ گرام۔ یونانی خطائی ۳۵۰۰ گرام۔

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- طبیہ کالج کے شفاخانہ کا مشہور نسخہ ہے
ضعف جگر و رم جگر۔ یرقان میں نافع ہے۔ نیز مدر بول و حیض ہے

ہوالشافی | سفوف ناگ کیسر

ناگ کیسر ایک کلو گرام۔ بادیان ایک کلو گرام۔ حب الاس ایک کلو گرام۔ انجبار ایک کلو گرام

مقدار خوراک :- ۲ سے ۵ گرام تک

فوائد :- حب الاس ہے قوی اور بادی باسیر کے لئے بھی مفید ہے۔

ہوالشافی | سفوف جدوار

زہر مہرہ خطائی ۵۰۰ گرام۔ جدوار ۵۰۰ گرام۔ مرجان ۵۰۰ گرام۔ عقیق جزرہ ۵۰۰ گرام۔ صدف صادق ۵۰۰ گرام۔ کچور ۵۰۰ گرام۔ قرنفل ۵۰۰ گرام۔ گلسرخ ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک :- ایک سے تین گرام

فوائد :- مقوی اعصاب ہے۔ اعصابی دردوں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔

ہوالشافی :- | سفوف ہاضم

پانچوں نمک ۲۴ گرام۔ مرچ سیاہ ۲۴ گرام۔ انار دانہ ۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۴ گرام۔ سونف ۵۰ گرام۔ نوشادر بھیگری ۲۴ گرام۔ تیزپات ۲۴ گرام۔ دارچینی

۲۴ گرام۔ زنجبیل ۱۲ گرام۔ قاقلہ کبار ۲۴ گرام۔ زیرہ سفید ۲۴ گرام پودینہ خشک ۵۰ گرام

مقدار خوراک :- ۶ گرام

فوائد :- اشتہاء کو بڑھاتا ہے۔ تبخیر معدہ۔ بدہضمی اور معدہ کی جلن کیلئے مفید ہے۔

ہوالشافی | سفوف نمک شیخ الرئیس

نمک طعام ۳ کلو گرام۔ فلفل سفید ۸۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام۔ نوشادر بھیگری ۵۰۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰۰ گرام۔ پودینہ ۵۰۰ گرام۔ کرفس ۲۵۰ گرام۔ انیسوں ۲۵۰ گرام بالچھڑ ۲۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۵۰ گرام۔ تخم جرجیر ۲۵۰ گرام۔

مقدار خوراک :- بعد از طعام ۵ گرام ہمراہ پانی۔

فوائد :- مشتہی، محلل ریاح اور ہاضم ہے معدہ اور جگر کو تقویت دیکر صالح خون پیدا کرتا ہے۔

ہوالشافی | سفوف حابس الدم

بسنگ جراحت ۲ کلو گرام۔ گیرو اصلی ۲ کلو گرام۔ دم الاخوین ۵۰۰ گرام

مقدار خوراک :- ۵ گرام حسب ضرورت آب سرد کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد :- نزف الدم کے لئے فائدہ مند ہے۔ جسم کے کسی بھی حصے سے اخراج خون کو روکتا ہے

ہوالشافی | سفوف دیدان

کمیلہ ۲۰۰ گرام۔ افسنتین ۲۰۰ گرام۔ نوشادر ۲۰۰ گرام اجوائن دیسی ۲۰۰ گرام۔ بائ بزنگ ۲۰۰ گرام۔

مقدار خوراک :- ۶ گرام سے ۱۰ گرام کی مقدار میں رات سوتے وقت استعمال کریں اور تیسرے روز صبح جلاب دیں۔

فائدہ :- بے ضرر مرکب ہے پیٹ اور آنتوں کے ہر قسم کے کیڑوں کو ہلاک کر دیتا ہے۔

ہوالشافی | سفوف زنجبیر

زیرہ سفید ایک کلوگرام ۔ اجوائن دیسی ایک کلوگرام ۔ ہلیلہ زرد ۲۰ کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام ہمراہ بدرقہ مناسب، مثل شربت انجبار یا لعاب اسبغول
بیہدانہ ۔ فوائد :۔ ہیضہ کے لئے فائدہ مند ہے ۔

ہمراہ اثانی | سفوف چینکی

ہلیلہ سیاہ ایک کلوگرام ۔ پودینہ ایک کلوگرام ۔ فلفل سیاہ ایک کلوگرام ۔ زنجبور ایک کلوگرام ۔ سہاگہ بریاں ایک کلوگرام ۔ نمک طعام ایک کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ایک گرام
فوائد :۔ امراض معدہ کا بے نظیر علاج ہے ۔ بچوں کے دست اور ہیضہ کے لئے اکسیری سفوف ہے ۔

ہمراہ اثانی | سفوف پیلا

فلفل دراز ۲۵۰ گرام ۔ طباشیر ۵۰۰ گرام ۔ زنجبور ۲۵۰ گرام ۔ دارچینی ۲۵۰ گرام ۔ قند سفید ۵ کلوگرام ۔
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ نظام انہضام کی اصلاح کے لئے بہترین سفوف ہے

ہمراہ اثانی | سفوف خرفہ

تخم خرفہ ۵۰۰ گرام ۔ نوشادر ۲۵۰ گرام ۔ قند سفید ۵ کلوگرام
مقدار خوراک :۔ ۶ گرام
فوائد :۔ صفراوی بخاروں خصوصاً تپ محرقہ کے لاحق ہونے کے وسوسہ بعد استعمال شافی اثرات کا حامل ہوتا ہے

ہمراہ اثانی | دواء المسک معتدل جواہر والی

زرشک شیریں ۵۰ گرام ۔ طباشیر ۵۰ گرام ۔ صندل سفید ۵۰ گرام ۔

صندل سرخ ۵۰ گرام ۔ کشنیز ۵۰ گرام ۔ گل گاؤزبان ۵۰ گرام ۔ آملہ خشک ۵۰ گرام تخم خرفہ ۵۰ گرام ۔ گل سرخ ۱۳۵ گرام ۔ ابریشم ۱۳۵ گرام ۔ دارچینی ۲۵ گرام ۔ بہمن سرخ ۲۵ گرام ۔ بہمن سفید ۲۵ گرام ۔ دروخ عقربی ۱۳۵ گرام ۔ عود ہندی ۲۰ گرام ۔ بادرنجبویہ ۲۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۲۰ گرام ۔ قاقلہ صغار ۱۵ گرام ۔ اُشنہ ۱۵ گرام ۔ کہربا شہبی ۳۰ گرام ۔ مروارید ۱۵ گرام ۔ زعفران ۱۵ گرام ۔ مشک ۸ گرام ۔ عنبر اشہب ۸ گرام ورق نقرہ ۲۵ گرام ۔ روح کیوڑہ ۵۰ ملی لٹر ۔ شہد خالص ایک کلوگرام ۔ قند سفید ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔
مقدار خوراک :۔ صبح نہار منہ ۳ سے ۵ گرام ۔ عرق گلاب ۔ عرق عنبر ۔ عرق بادیان یا پانی کے ہمراہ
فوائد :۔ خفقان سوداوی اور مالیخولیا مزاقی کے لئے نافع ہے دل، دماغ، جگر اور معدہ کو تقویت پہنچاتی ہے ۔

ہمراہ اثانی | دوائے اسگند

کچلہ مدبر ۲۰۰ گرام ۔ اسگند ناگوری ۴۰۰ گرام ۔ عاقرقرحا ۴۰۰ گرام ۔ جائیفل ۴۰۰ گرام ۔ جلوتری ۴۰۰ گرام ۔
مقدار خوراک :۔ ۳ گرام
فوائد :۔ بلغمی امراض کی دافع ہے خصوصاً اعصابی اور دیگر دردوں نیز سرعت انزال کیلئے مفید ہے

ہمراہ اثانی | رُب نقوع نزلی

گاؤزبان ۲۵۰ گرام ۔ گل بنفشہ ۲۵۰ گرام ۔ عناب ۲۵۰ گرام ۔ سپستان ۲۵۰ گرام ملٹھی ۲۵۰ گرام ۔ خطمی ۲۵۰ گرام ۔ خبازی ۲۵۰ گرام ۔ زوفا خشک ۲۵۰ گرام ۔ اسطوخودس ۲۵۰ گرام ۔ مویز منقی ۲۵۰ گرام ۔ انجبیر زرد ۲۵۰ گرام ۔ برنجاسف ۲۵۰ گرام ۔ خاکسی ۲۵۰ گرام
مقدار خوراک :۔ ۶ ملی لیٹر سے ۱۲ ملی لیٹر تک ۔
فوائد :۔ نزلہ اور کھانسی کی شکایات اور بخار میں مفید ہے ۔

ہوالشافی — رُب نقوع شاہترہ

شاہترہ ۲۵۰ گرام ۔ چرائتہ تلخ ۲۵۰ گرام ۔ غناب ۲۵۰ گرام ۔ گل منڈی ۲۵۰ گرام ۔ سرپھوکہ ۲۵۰ گرام ۔ ہلیلہ زرد ۲۵۰ گرام ۔ ہلیلہ سیاہ ۲۵۰ گرام ۔ لبسفایج ۲۵۰ گرام ۔ افتیمون ۲۵۰ گرام ۔ اسطخودوس ۲۵۰ گرام ۔ گل نیلوفر ۳۵۰ گرام ۔ عنبہ ۲۵۰ گرام ۔ قند سفید ۲ کلو ۵۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک :۔ ۶ ملی لیٹر سے ۱۲ ملی لیٹر تک ۔

فوائد :۔ تصفیہ خون نیز پھنسیوں اور جملہ اقسام کی خارش کیلئے مفید ہے

ہوالشافی — رُب نقوع مُحلل

بادیان ۲۵۰ گرام ۔ مویز منقیٰ ۲۵۰ گرام ۔ تخم کتوث ۲۵۰ گرام ۔ تخم خیارین ۲۵۰ گرام ۔ بھکڑا ۲۵۰ گرام ۔ پودیاں ۲۵۰ گرام ۔ گل غافث ۲۵۰ گرام ۔ اسطخودوس ۲۵۰ گرام ۔ بیخ کاسنی ۲۵۰ گرام ۔ مکو خشک ۲۵۰ گرام ۔ بیخ بادیاں ۲۵۰ گرام

مقدار خوراک :۔ ۶ ملی لیٹر سے ۱۲ ملی لیٹر تک

فوائد :۔ محلل اورام ہے ۔ ورم جگر، ورم رحم، ورم معدہ اور تمام باطنی اورام کیلئے مستعمل ہے

ہوالشافی — رُب نقوع صداع

گل غافث ۱۲ گرام ۔ گل منڈی ۱۲ گرام ۔ پودینہ خشک ۱۲ گرام ۔ چرائتہ شیریں ۱۲ گرام ۔ گل سرخ ۱۲ گرام ۔ گل بابونہ ۱۲ گرام ۔ افسنتین ۱۲ گرام ۔ قند سفید ایک کلو گرام

مقدار خوراک :۔ ۶ ملی لیٹر سے ۱۲ ملی لیٹر تک ۔

فوائد :۔ صداع سردرد ۔ نزلہ کھانسی کے لئے مفید ہے

ہوالشافی — روغن اوجاع

قرنفل ۱۰۰ گرام ۔ زنجبیل ۱۰۰ گرام ۔ اجوائن دیسی ۱۰۰ گرام ۔ قسط تلخ ۱۰۰ گرام ۔ سونجان تلخ ۱۰۰ گرام ۔ فلفل دراز ۱۰۰ گرام ۔ پاپھڑ ۱۰۰ گرام ۔ اذخر ۱۰۰ گرام ۔

کچنار ۲۰۰ گرام ۔ اجوائن خراسانی ۲۰۰ گرام ۔ تخم اسپند ۳۰۰ گرام ۔ برگ کنیر ۱۰۰ گرام برگ مدار ۱۰۰ گرام ۔ برگ بہرنول ۱۰۰ گرام ۔ برگ دھتورہ ۱۰۰ گرام ۔ جاتیفل ۱۰۰ گرام ۔ جلوتری ۱۰۰ گرام ۔ تیل سرسوں ۱۰ کلو گرام ۔

طریقہ استعمال :۔ بوقت ضرورت استعمال کریں ۔

فوائد :۔ جوڑوں کے درد، وجع المورک، کوہوں کے درد نقرس اور عرق النسا میں مفید ہے ۔

ہوالشافی — رب نقوع مدر

تخم کاسنی ۲۵۰ گرام ۔ تخم کتوث ۲۵۰ گرام ۔ تخم کرفس ۲۵۰ گرام ۔ تخم خربوزہ ۲۵۰ گرام ۔ تخم خیارین ۲۵۰ گرام ۔ بادیاں ۲۵۰ گرام ۔ پودیاں ۲۵۰ گرام ۔ پودینہ ۲۵۰ گرام ۔ بھکڑا ۲۵۰ گرام ۔ مکو خشک ۲۵۰ گرام ۔ مویز منقیٰ ۲۵۰ گرام ۔ بیخ کاسنی ۲۵۰ گرام ۔ ردی کاغذ ۲۵۰ گرام ۔

مقدار خوراک :۔ ۶ ملی لیٹر سے ۱۲ ملی لیٹر تک ۔

فوائد :۔ مدر بول وحیض ہے ورم مثانہ اور ورم رحم کیلئے بھی مفید ہے ۔

ہوالشافی — عرق حمی

اجوائن دیسی ۵۰۰ گرام ۔ بادیان ۵۰۰ گرام ۔ چرائتہ تلخ ۵۰۰ گرام ۔ غناب ہراق ۵۰۰ گرام ۔ افسنتین ۵۰۰ گرام ۔ گل منڈی ۵۰۰ گرام ۔ مکو خشک ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔

مقدار خوراک :۔ ۱۰ سے ۲۰ ملی لیٹر

فوائد :۔ ملیریا بخار کے لئے مفید ہے سفوف آتیس شیریں کیساتھ دیا جاتا ہے

ہوالشافی — عرق برنجاسف

برنجاسف ۷۰۰ گرام ۔ بادرنجبویہ ۷۰۰ گرام ۔ بادرآورد ۷۰۰ گرام ۔ بادیان ۷۰۰ گرام ۔ گل غافت ۷۰۰ گرام ۔ مویز منقی ۷۰۰ گرام ۔ شکائی ایک کلو ۵۰۰ گرام ۔ دارچینی ۳۵۰ گرام ۔ مکو خشک ۲ کلو گرام ۔

Govt Tibia college Bahawalpur 032-0976322

مقدار خوراک :- ۱۰ سے ۲۰ ملی لٹر
فوائد :- محلل اورام احشاء ہے یرقان کے لئے بھی مفید ہے -

ہوا شافی لعوق سپستان

سپستان ۹۰۰ گرام - عناب ہراتی ۴۶۰ گرام - ملٹھی ۱۸۰ گرام - کوکنار ۱۸۰ گرام - خطمی ۴۵ گرام - تخم خیارین ۴۵ گرام - تخم خشخاش ۹۰ گرام - رب السوس ۲۰ گرام ضمغ عربی ۲۰ گرام - کتیرہ سفید ۲۰ گرام - بادام شیریں ۴۶۰ گرام - قند سفید ۵۰۰ گرام -
مقدار خوراک :- ۶ سے ۱۲ گرام تک عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ کھلائیں -
فوائد :- سینہ سے بلغم کو صاف کرتا ہے نزلہ زکام اور کھانسی کے لئے مفید ہے -



گورنمنٹ طبیہ کالج بہاول پور کے جدید لیکچرز ہال کا خوبصورت منظر